روزنامہ

FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 2/اپریل 2009ء 5ربیع الثانی 1430ہجری 2شہادت 1388ہش جلد 59-94 نمبر 71

اللہ کا پسندیدہ عمل

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کون سا عمل اللہ کو زیادہ پسند ہے آپؐ نے فرمایا وقت پر نماز پڑھنا میں نے عرض کی اس کے بعد کون سا؟ آپؐ نے فرمایا ماں باپ سے نیک سلوک کرنا پھر میں نے عرض کی کہ اس کے بعد کونسا؟ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا۔

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ کفارہ حدیث نمبر 496)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تبدیلی اور اصلاح کس طرح ہو؟ اس کا جواب وہی ہے کہ نماز سے جو اصل دعا ہے۔ قرآن شریف پر تدبّر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے اور آئندہ زمانہ کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بتازہ ملتے ہیں۔ انجیل میں مذہب کو کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ اُس کی تعلیم اُس زمانہ کے حسب حال ہو تو ہو۔ لیکن وہ ہمیشہ اور ہر حالت کے موافق ہرگز نہیں۔ یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دُور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

پھر تیسری بات جو (۔) کا رکن ہے وہ روزہ ہے۔ روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیۂ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشاء اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدّنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اُسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتّل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو رُوح کی تسلّی اور سیری کا باعث ہے۔ اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے۔

ایسا ہی حج بھی ہے۔ حج سے صرف اتنا ہی مطلب نہیں کہ ایک شخص گھر سے نکلے اور سمندر چیر کر چلا جاوے اور رسمی طور پر کچھ لفظ منہ سے بول کر ایک رسم ادا کر کے چلا آوے۔ اصل بات یہ ہے کہ حج ایک اعلیٰ درجہ کی چیز ہے جو کمال سلوک کا آخری مرحلہ ہے۔ سمجھنا چاہئے کہ انسان کا اپنے نفس سے انقطاع کا یہ حق ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ ہی کی محبت میں کھویا جاوے اور تعشّق باللہ اور محبت الٰہی ایسی پیدا ہو جاوے کہ اس کے مقابلہ میں نہ اُسے کسی سفر کی تکلیف ہو اور نہ جان و مال کی پرواہو، نہ عزیز واقارب سے جدائی کا فکر ہو۔ جیسے عاشق اور مُحبّ اپنے محبوب پر جان قربان کرنے کو تیار ہوتا ہے اسی طرح یہ بھی کرنے سے دریغ نہ کرے۔ اس کا نمونہ حج میں رکھا ہے۔ جیسے عاشق اپنے محبوب کے گرد طواف کرتا ہے اسی طرح حج میں بھی طواف رکھا ہے۔ یہ ایک باریک نکتہ ہے۔ جیسا بیت اللہ ہے، ایک اس سے اوپر بھی ہے۔ جب تک اس کا طواف نہ کرو یہ طواف مفید نہیں اور ثواب نہیں۔ اس کا طواف کرنے والوں کی بھی یہی حالت ہونی چاہئے جو یہاں دیکھتے ہو کہ ایک مختصر سا کپڑا رکھ لیتے ہیں۔ اسی طرح اس کا طواف کرنے والوں کو چاہئے کہ دنیا کے کپڑے اتار کر فروتنی اور انکساری اختیار کرے اور عاشقانہ رنگ میں پھر طواف کرے۔ طواف عشق الٰہی کی نشانی ہے اور اس کے معنے یہ ہیں کہ گویا مرضات اللہ ہی کے گرد طواف کرنا چاہئے اور کوئی غرض باقی نہیں۔

اسی طرح پر زکوٰۃ ہے۔ بہت سے لوگ زکوٰۃ دے دیتے ہیں مگر وہ اتنا بھی نہیں سوچتے اور سمجھتے کہ یہ کس کی زکوٰۃ ہے۔ اگر کُتّے کو ذبح کر دیا جاوے یا سؤر کو ذبح کرڈالو تو وہ صرف ذبح کرنے سے حلال نہیں ہو جائے گا۔ زکوٰۃ تزکیہ سے نکلی ہے۔ مال کو پاک کرو اور پھر اس میں سے زکوٰۃ دو۔ جو اس میں سے دیتا ہے اُس کا صدق قائم ہے لیکن جو حلال حرام کی تمیز نہیں کرتا وہ اس کے اصل مفہوم سے دور پڑا ہوا ہے۔ اس قسم کی غلطیوں سے دستبردار ہونا چاہئے اور ان ارکان کی حقیقت کو بخوبی سمجھ لینا چاہئے تب یہ ارکان نجات دیتے ہیں ورنہ نہیں اور انسان کہیں کا کہیں چلا جاتا ہے۔ یقیناً سمجھو کہ فخر کرنے کی کوئی چیز نہیں ہے۔ اور خدا تعالیٰ کا کوئی انفسی یا آفاقی شریک نہ ٹھہراؤ اور اعمالِ صالحہ بجالاؤ۔ مال سے محبت نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ (۔)(آل عمران: 93) یعنی تم بِرّ تک نہیں پہنچ سکتے جب تک وہ مال خرچ نہ کرو جس کو تم عزیز رکھتے ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کو اپنا اسوہ بناؤ اور دیکھو کہ وہ زمانہ تھا جب صحابہؓ نے نہ اپنی جان کو عزیز سمجھا نہ اولاد اور بیویوں کو۔ بلکہ ہر ایک ان میں سے اس بات کا حریص تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں شہید ہو جاؤں۔ تم حلفاً بیان کرو کیا تمہارے اندر یہ بات ہے؟ جب ذرا سا بھی ابتلا آجاوے تو گھبرا جاتے ہیں اور خدا تعالیٰ ہی کی شکایت کرنے لگتے ہیں۔‘‘

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 102 جدید ایڈیشن)

خالی آسامیاں

مندرجہ ذیل سپیشلسٹ /رجسٹرار /نرسنگ آسامیوں کی فضل عمر ہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

☆ای این ٹی سپیشلسٹ
☆گائنی سپیشلسٹ
☆آئی سپیشلسٹ
☆میڈیکل /گائنی/سرجیکل رجسٹرار/میل/ فی میل
☆نرسز میل/فی میل
☆ریڈیوگرافر اور لیبارٹری ٹیکنیشن

کوالیفائیڈ خواہشمند خواتین وحضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب /امیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بعض تجربہ کار کوالیفائیڈ حضرات کو کنٹریکٹ پر بھی رکھا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ فون نمبر: 047-6215646

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ای این ٹی سپیشلسٹ کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد زکریا طاہر صاحب ماہر امراض ناک کان گلا (ای این ٹی سپیشلسٹ) انگلینڈ سے تشریف لا چکے ہیں وہ مورخہ 4/اپریل 2009ء سے ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کرینگے وہ تین ماہ تک اپنی سروسز بہم پہنچائیں گے۔ احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں ڈاکٹر صاحب صرف آؤٹ ڈور کریں گے۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

گاڑی برائے فروخت

ایک عدد گاڑی TOYOTA COROLLA 2.0D ڈیزل ماڈل 2006ء سفید رنگ اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

0333-6706459

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

5/اپریل 2009ء

1-40 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-15 am جامعہ احمدیہ یو۔کے
3-25 am نشر مکرر
4-25 am خطبہ جمعہ
5-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-10 am تلاوت، خبریں
5-55 am لقاء مع العرب
7-00 am رفقائے احمد
8-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-25 am انتخاب سخن
10-30 am پُرکشش آسٹریلیا
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm چلڈرن کلاس
1-15 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
1-45 pm دورہ حضور انور
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سپینش سروس
5-05 pm تلاوت، خبریں
5-55 pm بنگلہ سروس
6-55 pm خطبہ جمعہ
8-00 pm چلڈرن کلاس
9-10 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
9-50 pm خطبہ جمعہ
11-00 pm عالمی خبریں
11-30 pm عربی سروس

6/اپریل 2009ء

1-30 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
2-05 am چلڈرنز کلاس
3-15 am خطبہ جمعہ
4-20 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
5-00 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
5-10 am تلاوت، خبریں
5-55 am لقاء مع العرب
7-05 am خطبہ جمعہ
8-00 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
8-25 am سوال وجواب
9-40 am دورہ حضور انور
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 pm گلشن وقف نو
1-10 pm فرنچ کلاس
1-50 pm فرنچ سروس
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-05 pm خلافت جوبلی کوئز
4-35 pm طب وصحت
5-05 pm تلاوت، خبریں
5-55 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-25 pm گلشن وقف نو
9-25 pm فرنچ ملاقات
10-30 pm طب وصحت
11-00 pm ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-10 pm درس حدیث
11-30 pm عربی سروس

7/اپریل 2009ء

12-30 am لقاء مع العرب
1-35 am طب وصحت
2-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
2-35 am گلشن وقف نو
3-35 am خطبہ جمعہ
4-25 am خلافت جوبلی کوئز
5-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-10 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-15 am فرنچ کلاس
6-40 am لقاء مع العرب
7-45 am طب وصحت
8-10 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-30 am خطبہ جمعہ
9-20 am فرنچ سروس
10-25 am خلافت جوبلی کوئز
11-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-15 pm سوال وجواب
2-10 pm مباحثہ
3-05 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سندھی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm لجنہ یو۔کے اجتماع
7-40 pm مباحثہ
8-00 pm گلشن وقف نو
9-55 pm سوال وجواب
11-00 pm ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm عربی سروس

8/اپریل 2009ء

12-30 am خطبہ جمعہ
1-30 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
2-05 am گلشن وقف نو
3-05 am لجنہ اجتماع یو۔کے
3-50 am انتخاب سخن
5-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-15 am تلاوت، درس، خبریں
6-15 am عربی سیکھئے
6-30 am لقاء مع العرب
7-35 am سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
8-15 am سوال وجواب
9-10 am مباحثہ
10-05 am لجنہ یو۔کے اجتماع
11-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 pm جامعہ احمدیہ یو۔کے
1-15 pm شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
1-55 pm سوال وجواب
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سواحیلی مذاکرہ
5-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-15 pm تقریر جلسہ سالانہ
9-00 pm شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
9-25 pm جامعہ احمدیہ یو۔کے
10-25 pm سوال وجواب
11-00 pm ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm عربی سروس

9/اپریل 2009ء

12-30 am لقاء مع العرب
1-30 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
2-00 am جامعہ احمدیہ یو۔کے
3-00 am تقریر جلسہ سالانہ
3-45 am مخزن
5-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-05 am تلاوت، درس حدیث، عالمی خبریں
5-40 am شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
6-10 am ہماری کائنات
6-35 am لقاء مع العرب
7-40 am احمدیت اور سائنس
8-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-20 am مخزن
9-40 am پُرکشش آسٹریلیا
10-15 am تقریر جلسہ سالانہ
11-00 am تلاوت، درس ملفوظات
11-35 am المائدہ
1-10 pm ملاقات پروگرام
2-30 pm دورہ حضور انور
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm خلافت جوبلی
4-35 pm پشتو سروس
5-00 pm تلاوت، درس ملفوظات
5-30 pm المائدہ
6-00 pm بنگلہ پروگرام
7-20 pm ترجمۃ القرآن
8-30 pm دورہ حضور انور
9-20 pm ملاقات پروگرام
10-20 pm خلافت جوبلی
11-00 pm ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm عربی سروس

سانحہ ارتحال

مکرم صوبیدار چوہدری صابر حسین صاحب دارالصدر شمالی ہدیٰ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ رانی بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری وکیل محمد صاحب ہیلاں بھابھڑہ ضلع کوٹلی آزاد کشمیر مورخہ 20 مارچ 2009ء کو گردوں کی تکلیف کی وجہ سے بعمر تقریباً 98 سال وفات پاگئیں۔ آپ نے اپنی پوری زندگی بہت فعال گزاری اور آخر وقت تک ہر کام اپنے ہاتھ سے کیا۔ آپ بہت مہمان نواز، غریب پرور اور مرکزی مہمانوں سے بہت عزت سے پیش آتیں، دعا گو اور نمازوں کی پابند بزرگ خاتون تھیں۔ اپنے اور غیر سبھی آپ کی بہت عزت کرتے۔ آپ کی نماز جنازہ اسی دن ہیلاں میں مکرم ڈاکٹر شاہ محمد صاحب سابق امیر ضلع کوٹلی نے پڑھائی اور مقامی قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ نے پسماندگان میں پانچ بیٹے خاکسار، مکرم چوہدری اللہ دتہ صاحب بھابھڑہ کوٹلی مکرم حاجی چوہدری امیر عالم صاحب لندن، مکرم چوہدری لعل دین صاحب جرمنی اور مکرم حاجی چوہدری جمال الدین صاحب جرمنی اور ایک بیٹی مکرمہ سکینہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم حاجی چوہدری منظور احمد صاحب صدر جماعت رامباڑی چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم مرزا اعتراف بیگ صاحب ای ایم ای ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور کا چھوٹا بیٹا عمر ایک سال بیمار ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مختار احمد صاحب وارث کالونی حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی چھوٹی بیٹی عائشہ بیمار ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خلافت کے دس عظیم الشان مقاصد اور ان کی توضیح

آیت استخلاف۔ دعائے ابراہیمی اور آدم و داؤد کی خلافت میں بیان کردہ قرآنی مقاصد

قسط اول

مکرم منصور احمد صاحب لکھنوی

(قسط اول)

قرآن حکیم خلافت حقہ کے دس عظیم اور خود مکتفی مقاصد بیان کرتا ہے اور ان کے علاوہ باقی وہ تمام مقاصد جو حالات حاضرہ کے تحت وجود میں آتے ہیں۔ انہی دس عظیم مقاصد کی ذیل میں آجاتے ہیں۔ ان مقاصد میں چار مقاصد آیت استخلاف میں، چار مقاصد دعائے ابراہیم میں اور باقی دو مقاصد ان آیات میں بیان ہوئے ہیں۔ جہاں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت داؤد علیہ السلام کی خلافت کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ تو اس طرح یہ سب مجموعی طور پر دس بنیادی اور عظیم مقاصد بن جاتے ہیں۔

اس پس منظر میں سب سے پہلے ہم آیت استخلاف کو دیکھتے ہیں کہ اس میں کون کون سے مقاصد عظیم کا ذکر کیا گیا ہے اور جو خصوصی طور پر امور خلافت راشدہ سے متعلق ہیں۔ تو اللہ رب العزۃ سورۃ نور میں فرماتا ہے کہ:۔

''تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے ان سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے ان کے دین کو، جو اس نے ان کے لئے پسند کیا۔ ضرور تمکنت عطا کرے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں''۔ (النور:56)

اس آیت مقدسہ میں خلافت کے چار عظیم الشان مقاصد بیان فرمائے گئے ہیں۔ اس آیت کے شروع ہی میں لوگوں پر واضح کر دیا گیا ہے کہ یہ خلافت، خلافت حقہ ہے جو یونہی سب لوگوں کو بغیر کسی استحقاق کے نہیں دی جاسکتی۔ یہ خلافت پہلے بھی خاص استحقاق رکھنے والے لوگوں کو ہی دی جائے گی۔ یستخلفنھم فی الارض اور وہ استحقاق یہ ہے کہ وہ لوگ پہلے تو ایمان لانے والے ہوں اور پھر عمل صالح کرنے والے ہوں تو پھر انہیں خلافت حقہ کا انعام عطا کر دیا جائے گا۔ تو عمل صالح یعنی نیک اعمال ہی وہ وجہ امتیاز ہیں جو عام آدمی اور خلافت کا مستحق سمجھے جانے والے آدمی کے درمیان واضح فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔

چونکہ وہ نعمت، بالخصوص وہ نعمت جو نعمت الٰہی ہو بخل اور خست کر کے صرف اپنی ذات تک محدود کر کے رکھی نہیں جاسکتی بلکہ شکر نعمت کے اظہار کے لئے اس نعمت الٰہی کو سب میں عام کرنا پڑتا ہے اور اس سے سب کو مستفید کرنا پڑتا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کی یہ نعمت سب تک پہنچ جائے اور سب ہی شکر نعمت بجالانے میں مصروف ہو جائیں۔ لہٰذا خلیفہ کا ایک یہ بھی فریضہ ہے کہ وہ نعمت الٰہی کو فقط اپنی ذات تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے دور دور تک پھیلا دے تا کہ اس کے نیک اثرات ہر ملک میں اور ہر براعظم میں رہنے بسنے والے لوگوں تک پہنچ جائیں اور کوئی اس سے محروم نہ رہے۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ نعمت الٰہی وہ اعمال صالحہ آخر ہیں کیا جن کا اس آیت کریمہ میں خلافت کے منصب کا استحقاق حاصل کرنے کے لئے ''وعملوا الصلحت'' کہہ کر ذکر کیا گیا ہے۔ تو اس کو سمجھنے اور اس کا علم حاصل کرنے کے لئے ہمیں کہیں دور جانے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اگلی ہی آیت میں خود اللہ تعالیٰ نے صاف صاف لفظوں میں بتا دیا ہے کہ وہ عمل صالح کیا ہے۔ جس کا ان لوگوں سے جو ایمان لائے مطالبہ کیا گیا ہے تا کہ وہ بھی نعمت خلافت کا استحقاق حاصل کرنے والوں میں ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

''اور تم سب نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اس رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے''۔

(النور:57)

تو اس آیت کریمہ میں وضاحت کر دی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا رحم و کرم حاصل کرنے کے لئے انسان کو جن اعمال صالح کی ضرورت ہے ان میں تین طرح کے اعمال شامل ہیں اور اعمال کو قائم کرنا اور انہیں دنیا میں پھیلانا خلیفہ کا فریضہ ہے اور وہ اعمال ہیں:۔

1۔ اقیموا الصلوٰۃ یعنی نمازوں کو قائم کرنا۔

2۔ اتوا الزکوٰۃ یعنی زکوٰۃ کا ادا کرنا۔

3۔ اطیعوا الرسول یعنی محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنا۔

تو آیئے اب دیکھ لیتے ہیں کہ یہ تینوں فرائض کیا ہیں کہ بطور اعمال صالح جن کا قائم کرنا اور دنیا میں پھیلانا خلافت حقہ کا عظیم مقصد قرار دیا گیا ہے تو ان فرائض میں سب سے پہلا فرض نماز ہے۔

فریضہ اقام الصلوٰۃ

نماز صرف چند الفاظ کے منہ سے ادا کرنے اور چند مخصوص حرکات ہی کا نام نہیں ہے۔ اگرچہ وہ بھی ضروری اور لازمی ہیں بلکہ یہ ایک کثیر الفوائد نعمت الٰہی ہے جو ایک طرف تو مخلوق کا خالق سے رشتہ جوڑتی اور تعلق استوار کرتی ہے اور اس عمل کے ذریعہ انسان اپنے پروردگار کا وہ فرمان پورا کرتا ہے جو انسان کو بارگاہ خداوندی سے بطور مقصد تخلیق اور بطور مقصد حیات تفویض کیا گیا ہے اور جس کے بارے میں قرآن عظیم فرماتا ہے:۔

''اور میں نے جن و انس کو تخلیق نہیں کیا مگر اس غرض سے کہ وہ میری عبادت کریں''۔

(الذاریات:57)

یوں تو عبادت الٰہی کے متعدد طریق ہیں مگر دیکھا جائے تو نماز سے زیادہ مکمل اور جامع کوئی بھی دوسرا طریقہ نہیں ہے۔ دوسرے تمام طریقہ عبادت کے کسی نہ کسی ایک پہلو کی نمائندگی کرتے ہیں جبکہ نماز اپنی جامعیت کی وجہ سے عبادت کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہے کیونکہ وہ تکبیر سے سلام تک سرتا پا ثناء و دعا ہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ دعا ہی دراصل وہ مطلوبہ عبادت ہے جس کو قرآن عظیم نے وجہ تخلیق ٹھہرایا ہے اور جو قلب و ذہن کی تطہیر کر کے بندہ کو خالق کی بارگاہ میں شرف قبولیت دلاتی ہے۔ اسی لئے تو نبی کریم ﷺ نے اپنی ایک حدیث میں دعا کی عظمت و اہمیت کے متعلق فرمایا ہے کہ الدعاء مخ العبادۃ یعنی دعا عبادت کا مغز ہے اور چونکہ نماز سرتا پا دعا ہے اسی لئے قول رسولؐ کے مطابق نماز ہی عبادت کا مغز ٹھہرتی ہے جو مخلوق کو خالق کے ساتھ واصل کرتی ہے۔ قرآن عظیم اسی لئے نماز کا مقصد ہی ذکر الٰہی کو قرار دیتا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے کہ:۔

''اور یقیناً میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں پس میری عبادت کرو اور میرے ذکر کے لئے نماز کو قائم کر''۔ (طٰہٰ:15)

پس مومن کی روحانی زندگی کا تمام تر انحصار صرف اور صرف اقامت صلوٰۃ پر ہی منحصر ہے کیونکہ حقیقی نماز اسے بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روک کر اس کی تطہیر کرتی ہے اور اسے رجس سے پاک کرتی ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ:۔

''یقیناً نماز بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روکتی ہے''۔ (العنکبوت:46)

گویا بے حیائی اور ناپسندیدہ اعمال سے روک کر نماز انسان کے جسم اور اس کی روح دونوں کو پاک کر دیتی ہے اور اسے وصال الٰہی کے قابل بنا دیتی ہے اور یہ عمل تنہا صرف ایک فرد کے ساتھ ہی نہیں ہوتا بلکہ پورا معاشرہ ہی اس میں شریک ہو جاتا ہے۔ ہر صاحب ایمان کے لئے دن میں پانچ مرتبہ اقامت صلوٰۃ کا حکم ہے، لہٰذا جب انسان کو تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد دن میں پانچ مرتبہ فحشاء اور دیگر ناپسندیدہ باتوں سے روکا جائے گا تو پھر بدیوں، برائیوں اور گناہوں کے پنپنے اور پرورش پانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور چونکہ نماز تنہا پڑھنے کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے اور باجماعت پڑھنے کو اولیت اور افضلیت دی گئی ہے۔ لہٰذا اس طرح یہ عمل صالح پوری سوسائٹی پر اثر انداز ہو جاتا ہے اور اسے بدیوں، برائیوں اور گناہوں کے گڑھوں سے بچا کر اور پاک کر کے اسے خدا پرست معاشرہ بنا دیتا ہے۔

فریضہ ایتائے زکوٰۃ

دینی نظام حیات میں زکوٰۃ کی ادائیگی ایک ایسا ہی فریضہ ہے جس کی اہمیت کسی طرح بھی قیام صلوٰۃ کی اہمیت سے کم نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم کے اکثر مقامات پر جہاں جہاں اقامت صلوٰۃ کا ذکر آیا ہے وہاں ساتھ ہی ایتائے زکوٰۃ کا بھی حکم دیا گیا ہے۔ تا کہ مومنین کے دلوں میں دونوں احکام کی اہمیت اور عظمت کا برابر احساس رہے اور وہ دونوں پر یکساں توجہ دینا اپنا دستور بنا لیں۔

دینی نظام معیشت میں دین ایک طرف تو دولت کو ایک ہاتھ میں اکٹھی رہنے نہیں دیتا بلکہ اسے مسلسل تقسیم کے عمل سے گزارتا رہتا ہے تو دوسری طرف وہ بڑی بڑی جائیدادیں بنانے اور بھاری صنعتیں لگانے سے بھی نہیں روکتا تا کہ دولت کی گردش کا عمل برابر جاری و ساری رہے۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ تو سب پیٹ بھرے دولت مندوں کا کھیل ہے۔ اس کا غریبوں محتاجوں اور مساکین پر کیا اثر ہو سکتا ہے اور ان کی حالت کیسے بدل سکتی ہے؟ یہ سوال ایک ضخیم مقالے کا متقاضی جس کی یہاں کوئی گنجائش نہیں۔ بہرحال مختصراً عرض ہے کہ غرباء کی تکالیف کو کم کرنے کے لئے ایک حکم زکوٰۃ، عشر، صدقات اور خیرات کا بھی دیا ہے جن سے غرباء کی حالت میں فرق پڑ سکتا ہے اور ان کی مشکلات میں کمی آسکتی ہے۔ درج بالا چاروں امور میں سب سے زیادہ اہمیت زکوٰۃ کی ہے۔ اس حکم کے مطابق دولت کے ایک ہاتھ میں جمع کر کے رکھنے کے رواج کی نفی ہوتی ہے اور ہر سال زکوٰۃ کی صورت میں سرمایہ کی مسلسل کمی آدمی کو مجبور کر دیتی ہے کہ وہ اپنے سرمایہ کو بیکار جمع رکھنے کے بجائے کسی کاروبار یا تجارت یا صنعت وغیرہ میں لگا کر گردش دیتا رہے اور اس طرح اپنے سرمائے میں مسلسل اضافہ کرتا رہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ جیسے جیسے سرمایہ دار کے سرمائے میں اضافہ ہوتا رہے گا ویسے ہی ویسے زکوٰۃ کی رقم میں بھی اضافے کی وجہ سے غرباء کا بھی زیادہ بھلا ہوتا رہے گا اور اسی بات کے بھی مواقع موجود رہیں گے کہ غرباء کی جماعت میں سے کچھ ہوشیار اور کاروباری ذہنیت رکھنے والے لوگ زکوٰۃ سے ملنے والی رقم سے کوئی چھوٹا موٹا کاروبار شروع کر لیں اور اپنی محنت اور جانفشانی سے بڑھاتے چلے جائیں اور ایک دن وہ بھی آئے جب وہ زکوٰۃ لینے والوں کی صف سے نکل کر زکوٰۃ دینے والوں کی صف

میں آجائیں اور جہاں تک عشر کا تعلق ہے تو یہ بھی زکوٰۃ جیسا ہی ٹیکس ہے جو زرعی پیداوار پر عائد کیا جاتا ہے اور زکوٰۃ ہی کے مانند غرباء کی فلاح و بہبود پر صرف کیا جاتا ہے۔

مگر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ محض زکوٰۃ اور عشر سے ہی غرباء کی حالت زیادہ بہتر نہیں بنائی جاسکتی۔ ان کی اعانت کے لئے دین امیروں اور دولت پر مزید کچھ ٹیکس عائد کرتا ہے جو لازمی نہیں بلکہ طوعی ہیں۔ طوعی ہونے کے باوجود دین ان ٹیکسوں کو لازمی کی حدود کے قریب تر لے آتا ہے اور دولت والوں کو بڑے سخت لہجے میں انتباہ کرتا ہے کہ اگر تم ہلاکت میں پڑنا نہیں چاہتے ہو تو غریبوں کی مدد کے لئے اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ چنانچہ فرماتا ہے:۔

”اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں (اپنے تئیں) ہلاکت میں نہ ڈالو اور احسان کرو۔ یقیناً اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے“۔

(البقرہ:194)

یعنی اے مومنو اگرچہ تم مقررہ ٹیکس یعنی زکوٰۃ اور عشر تو دیتے ہی رہتے ہو مگر اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے سے بچنے کے لئے اور غریبوں کی دعائیں لینے کے لئے طوعی طور پر کچھ اور ٹیکس بھی دو جو کہ صدقات اور خیرات کہلاتے ہیں۔ صدقات اور خیرات کا نظام بھی بڑا وسیع نظام ہے۔ جس میں غریبوں کی امداد براہ راست کی جاتی ہے جبکہ زکوٰۃ و عشر کے نظام میں حکومت کے توسط سے امداد ہوتی ہے۔

(نظام نو از حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد ص 92 تا 109)

فریضہ اطاعت رسول ﷺ

اس آیت مبارکہ میں تیسرا فریضہ اطاعت رسول ﷺ کا قرار دیا گیا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے نسل انسانی کی ہدایت، راہنمائی اور فوز و فلاح کے لئے ہمیں جتنے بھی احکام اور جس قدر بھی مبشرات، انذار، نعمتیں وغیرہ ملی ہیں، وہ سب کچھ براہ راست کسی کو نہیں ملی ہیں۔ وہ سب کچھ تو حبیب کبریا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ سے ہی ہمیں حاصل ہوا ہے۔ لہٰذا ہم جتنی زیادہ اپنے رسول کی اطاعت کریں گے اور ان کے بتائے ہوئے صراط مستقیم پر پورے اخلاص و اطاعت کے ساتھ چلیں گے اور ان کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کئے رکھیں گے اتنا ہی ہم عنایات باری تعالیٰ کے حقدار ہوں گے اور یہ سب کچھ فقط ہماری عقل انسانی کی فکر کا نتیجہ ہی نہیں ہے بلکہ بڑے واضح لفظوں میں ہمیں خود اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ:۔

”یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے“۔

(الاحزاب:22)

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان تینوں فرائض کا یعنی اقامت الصلوٰۃ کا ایتاء زکوٰۃ کا اور اطاعت رسول ﷺ کا خلافت کے نظام سے کیا تعلق ہے؟ تو اس سلسلے میں حضرت مصلح موعود تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں:۔

”پھر خلافت کے ذکر کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ ...... کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ واقیموا الصلوٰۃ (-) یعنی جب خلافت کا نظام جاری کیا جائے تو اس وقت تمہارا فرض ہے کہ تم نمازیں قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے رسول کی اطاعت کرو۔ گویا خلفاء کے ساتھ دین کی تمکین کر کے وہ اطاعت رسول کرنے والے ہی قرار پائیں گے۔ اس وقت رسول کی اطاعت اسی رنگ میں ہوگی کہ اشاعت و تمکین دین کے لئے نمازیں قائم کی جائیں، زکوٰتیں دی جائیں اور خلفاء کی پورے طور پر اطاعت کی جائے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ...... کو اس امر کی طرف توجہ دلائی ہے کہ اقامت صلوٰۃ اپنے صحیح معنوں میں خلافت کے بغیر نہیں ہوسکتی اور زکوٰۃ کی ادائیگی بھی خلافت کے بغیر نہیں ہوسکتی۔ رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں زکوٰۃ کی وصولی کا باقاعدہ انتظام تھا۔ پھر جب آپؐ کی وفات ہوگئی اور حضرت ابوبکرؓ خلیفہ ہوگئے تو اہل عرب کے کثیر حصہ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ یہ حکم صرف رسول کریم ﷺ کے لئے مخصوص تھا۔ بعد کے خلفاء کے لئے نہیں۔ مگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے اس مطالبہ کو تسلیم نہ کیا۔ بلکہ فرمایا کہ اگر یہ لوگ اونٹ کے گھٹنے کو باندھنے والی رسی بھی زکوٰۃ میں دینے سے انکار کریں گے تو میں ان سے جنگ جاری رکھوں گا اور اس وقت تک بس نہیں کروں گا جب تک ان سے اسی رنگ میں زکوٰۃ وصول نہ کرلوں جس رنگ میں وہ رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں دیا کرتے تھے۔ چنانچہ آپ اس مہم میں کامیاب رہے اور زکوٰۃ کا نظام پھر جاری ہوگیا جو بعد کے خلفاء کے زمانوں میں بھی جاری رہا۔ مگر جب سے خلافت جاتی رہی، ...... زکوٰۃ کی وصولی کا بھی کوئی انتظام نہ رہا اور یہی اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا تھا کہ اگر خلافت کا نظام نہ ہوتو ...... زکوٰۃ کے حکم پر عمل ہی نہیں کر سکتے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ زکوٰۃ جیسا کہ ...... تعلیم کا منشا ہے امراء سے لی جاتی ہے اور ایک نظام کے ماتحت غرباء کی ضروریات پر خرچ کی جاتی ہے۔ اب ایسا وہیں ہوسکتا ہے جہاں ایک باقاعدہ نظام ہو۔ اکیلا آدمی اگر چند غرباء میں زکوٰۃ کا روپیہ تقسیم بھی کر دے تو اس کے وہ خوشگوار نتائج کہاں نکل سکتے ہیں جو اس صورت میں نکل سکتے ہیں جبکہ زکوٰۃ ساری جماعت سے وصول کی جائے اور ساری جماعت کے غرباء میں تقسیم کی جائے۔

یہ مسئلہ ان سارے اسلامی بادشاہوں کو مجرم قرار دیتا ہے جو سرکاری بیت المال کو اپنی ذات پر اور اپنے تعیش پر قربان کرتے تھے اور بڑے بڑے محل اور بڑی بڑی سیر گاہیں بناتے تھے...... نہ اسلام کو تخت طاؤس کی ضرورت تھی نہ تاج محل کی ضرورت تھی نہ قصر زہرہ کی ضرورت تھی نہ بغداد کے محلات ہارون الرشید کی ضرورت تھی۔ یہ سارے کام ناجائز تھے۔......

اسی طرح اقامت صلوٰۃ بھی اپنے صحیح معنوں میں خلافت کے بغیر نہیں ہوسکتی اور اس کی وجہ یہ ہے صلوٰۃ کا بہترین حصہ جمعہ ہے جس میں خطبہ پڑھا جاتا ہے اور قومی ضرورتوں کو لوگوں کے سامنے رکھا جاتا ہے۔ اب اگر خلافت کا نظام نہ ہو تو قومی ضروریات کا پتہ کس طرح لگ سکتا ہے۔ ...... اگر ایک مرکز ہوگا اور ایک خلیفہ ہوگا جو تمام ...... کے نزدیک واجب الاطاعت ہوگا تو اسے اکناف عالم سے رپورٹیں پہنچتی رہیں گی کہ یہاں یہ ہو رہا ہے اور وہاں یہ ہو رہا ہے اور اس طرح وہ لوگوں کو بتا سکے گا کہ آج فلاں قسم کی قربانیوں کی ضرورت ہے اور آج فلاں قسم کی خدمات کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنے کی ضرورت ہے ...... رسول کریم ﷺ کی سنت سے یہ امر ثابت ہے کہ آپؐ ہمیشہ قومی ضرورتوں کے مطابق خطبات پڑھا کرتے تھے مگر جب خلافت کا نظام نہ رہے تو انفرادی رنگ میں کسی کو قومی ضرورتوں کا کیا علم ہوسکتا ہے ...... غرض یہ تین باتیں ایسی ہیں جو خلافت کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں۔ اگر خلافت نہ ہوگی تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تمہاری نمازیں بھی جاتی رہیں گی۔ تمہاری زکوٰۃ بھی جاتی رہے گی اور تمہارے دل سے اطاعت رسولؐ کا مادہ بھی جاتا رہے گا“۔ (تفسیر کبیر جلد ششم ص 367-369)

دعوت الی اللہ کا فریضہ

قرآن حکیم میں نبوت کی آمد کا مقصد توحید کا قیام بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ خلافت حقہ کی بھی یہی نشانی رکھی ہے کہ اس کا آخری مقصد توحید کا قیام ہوگا اور صاف ظاہر ہے کہ توحید کے قیام کا کام دعوت الی اللہ کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ آیت استخلاف میں بھی خلافت کا چوتھا عظیم مقصد قیام توحید کے لئے دعوت الی اللہ کو ہی قرار دیا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے کہ:۔

”وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے“۔ (النور:56)

یعنی وہ خلفاء خود تو توحید پرست ہوں گے اور شرک کے شدید دشمن ہوں گے جس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ خود بھی موحد ہوں گے اور اپنا فرض سمجھ کر بحیثیت خلیفہ توحید کا پیغام دوسروں تک پہنچاتے رہیں گے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آج کی دنیا میں لیبیا، مصر، سوڈان، فلسطین، اردن، لبنان، شام، عراق، آذربائیجان، ایران، ازبکستان، تاجکستان، افغانستان اور پاکستان خالص اسلامی ممالک کہلاتے ہیں جہاں اگرچہ ایک چھوٹی سی اقلیت غیر مسلموں کی بھی ہے مگر غالب اکثریت مسلمانوں کی ہی ہے۔ مگر تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ آج سے چودہ سو سال پہلے ان میں ایک علاقہ بھی مسلمان نہیں تھا۔ لیبیا، مصر، سوڈان، فلسطین، اردن، لبنان اور شام کے علاقے عیسائی تھے۔ عراق، آذربائیجان، ایران، ازبکستان اور تاجکستان والے پارسی اور مظاہر پرست تھے اور افغانستان اور بلوچستان والے بدھ اور ہندو دھرموں کو مانتے تھے لیکن خلفائے راشدین کے عہد میں جب یہ علاقے اسلامی مملکت میں شامل ہوئے تو توحید پرست خلفاء نے ان علاقوں کو توحید کی آغوش میں لانے کے لئے خصوصی توجہ کی۔ دعوت الی اللہ کا خاص انتظام کیا اور ایسی محنت اور کاوش اور توجہ اور جان سوزی سے کام لیا کہ یہ سارے علاقے بہت کم مدت میں اسلام قبول کرتے چلے گئے اور اب یہ حال ہے کہ کوئی مشکل ہی سے باور کرے گا کہ کسی زمانہ میں ان علاقوں میں اسلام کا نام و نشان ہی نہیں تھا۔

خلافت راشدہ کے بعد بھی اگرچہ خلافت ملوکیت کے زمانوں میں بھی دعوت الی اللہ کا کام جاری رہا اور ایشیا، افریقہ اور یورپ کے وسیع علاقوں میں جیسے جنوبی روس، وسط ایشیا کے بعید مشرقی علاقے، پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، ملائشیا، انڈونیشیا، مالدیپ، افریقہ میں نائیجیریا، موریطانیہ، سینیگال، نائیجر، مالی، چاڈ، مراکش، الجزائر، تیونس، سپین، پرتگال اور بلقانی ممالک میں اسلام پھیلتا رہا۔ مگر اس دعوت الی اللہ کو نہ تو کسی مسلمان حکومت کی کبھی سرپرستی حاصل ہوئی نہ ہی کبھی منظّم طریقہ سے اس کے لئے کام ہوا اور یہ بھی تلخ حقیقت ہے کہ بہت سے مسلمان حکمران تو غیر مسلموں کے اسلام لانے کے سخت خلاف تھے کیونکہ اس طرح انہیں جزیہ کے ٹیکس سے محروم ہونا پڑتا تھا۔

(دعوت و عزیمت کی کہانی میں صوفیاء کرام کا حصہ از علامہ بدر الحسن تابش چشتی ص 45-70، 1996ء ایڈیشن)

خلافت راشدہ کے بعد جہاں کہیں بھی اسلام پھیلا وہ خدا رسیدہ درویشوں، صوفیائے کرام اور مسلمان تاجروں کی انفرادی کاوشوں کا نتیجہ تھا۔ لوگ ان کے کردار اور افکار کی پاکیزگی اور خوشبو سے متاثر ہو کر اسلام قبول کرتے رہے مگر ان درویشوں، صوفیاء اور تاجروں کے پاس اتنا وقت نہیں تھا کہ وہ ان علاقوں میں ٹھہر کر ان کی باقاعدہ تربیت بھی کرتے۔ وہ تو آوارہ بادل کے ٹکڑے تھے جو باران رحمت برساتے گزر جایا کرتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان میں بہت سی وہ خامیاں وہ عقیدے اور رسوم و رواج باقی رہ گئے جو ان کے پرانے مذاہب کا ورثہ تھے۔ وہ تمام خرابیاں جو اس طرح تربیت نہ ہونے سے باقی رہ گئی تھیں رفتہ رفتہ انہیں نام کا مومن بناتی رہیں جس کی سب سے واضح مثال ہندوستان کے ملکانے ہیں۔ اگر خلافت کی راہنمائی اور نگرانی میں منظّم دعوت الی اللہ کے نتیجے میں وہ لوگ مومن ہوئے ہوتے تو ان میں وہ خامیاں باقی نہ رہتیں جنہوں نے انیسویں اور بیسویں صدی میں ان نام کے مومنوں کو وسیع پیمانہ پر عیسائی پادریوں اور آریہ سماجی پرچارکوں کا آسان شکار بنا دیا۔

دعوت توحید کا یہ عظیم مقصد جس کا حکم آیت استخلاف میں موجود ہے، موجودہ زمانے میں خلفائے احمدیت پورے تن من دھن اور ذمہ داری سے پورا کر رہے ہیں۔ دین متین کا پیغام اگرچہ حضرت اقدس مسیح موعود کی زندگی میں یورپ اور امریکہ افریقہ اور آسٹریلیا تک پہنچ چکا تھا اور وہاں کے کئی باشعور اہل علم اور اہل دل دانشور اور مفکر بذریعہ تحریر دین حق قبول کر چکے تھے مگر پہلا بیرونی دینی مشن قائم کرنے کا شرف جماعت احمدیہ کے پہلے

خلیفہ حضرت مولانا حکیم نورالدین کو حاصل ہوا جب انہوں نے اپنی سرپرستی میں حضرت چوہدری فتح محمد سیال کو پہلا داعی الی اللہ بنا کر 1913ء میں انگلینڈ بھیجا۔ حضرت چوہدری صاحب نہ صرف یہ کہ کامیاب داعی الی اللہ ثابت ہوئے بلکہ بیت الذکر کے لئے ایک موزوں اور وسیع قطعہ اراضی بھی خرید لیا جہاں بعد میں شہرہ آفاق بیت فضل لندن تعمیر ہوئی جو پورے مغربی یورپ کی سب سے پہلی بیت ہے۔ جماعت احمدیہ کے دوسرے خلیفہ راشد حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد مصلح موعود نے 1924ء میں اس کا سنگ بنیاد رکھا۔ جلد ہی یہ بیت تعمیر ہوگئی اور یورپ میں دین حق کے لئے یہ بیت مقناطیس کا کام کر رہی ہے۔ لیکن دعوت حق کے مقدس کام میں اس وقت انقلابی تیزی آئی جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1934ء میں تحریک جدید کا اجرا کیا۔ تحریک جدید کے تحت بہت سے نوجوان خدمت دین کے لئے زندگیاں وقف کر کے دنیا کے مختلف ممالک میں پھیل گئے۔ وہاں انہوں نے مشنز قائم کئے۔ بیوت تعمیر کرائیں۔ سکول کالج اور کلینک اور ہسپتال قائم کئے اور لاکھوں پیاسی مگر سعید روحوں کو دین حق کے چشمے کا زندگی بخش پانی پلایا۔ ان ممالک اور ان قوموں کی زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم اور دینی لٹریچر وسیع پیمانے پر شائع اور متعارف کر کے انہیں صاحب ایمان بنایا اور دعوت الی اللہ کے مقدس کام کو دور دور تک پھیلا دیا اور پھیلاتے جا رہے ہیں۔

اس طرح دعوت الی اللہ کا جو کام حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مبارک دور میں شروع ہوا تھا وہ بیشمار رکاوٹوں اور خوفناک مخالفتوں کے باوجود پوری آب و تاب اور توانائی کے ساتھ خلافت ثانیہ، خلافت ثالثہ اور خلافت رابعہ میں بھی نہ صرف یہ کہ جاری رہا بلکہ روز افزوں ترقی بھی کرتا رہا اور اب بھی خلیفہ خامس حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی اور نگرانی میں پورے زور وشور سے جاری ہے اور 193 ممالک اس سے فیضیاب ہو رہے ہیں اور خلافت کی برکت سے آئندہ سالوں میں انشاء اللہ یہ تعداد بڑھتی ہی جائے گی۔ اس طرح محبان توحید کی وہ تعداد جو چند برس پہلے لاکھوں میں گنی جاتی تھی اب 17 کروڑ سے متجاوز ہو چکی ہے۔

دعائے ابراہیمی میں بیان کردہ عظیم مقاصد

جس طرح اللہ تعالیٰ نے آیت استخلاف میں خلافت کے چار عظیم الشان مقاصد بیان فرمائے ہیں۔ اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس دعا میں بھی خلافت کے چار عظیم الشان مقاصد بیان فرمائے گئے ہیں جو آپؑ نے تعمیر کعبہ کے وقت مانگی تھی۔ یہاں یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے کہ دعائے ابراہیمی میں جو چار عظیم الشان مقاصد بیان کئے گئے ہیں۔ ان کا تو خلافت سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ ان کا تعلق تو صرف نبوت و رسالت سے بلکہ صرف ایک خاص رسول حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے ہے کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تعمیر کعبہ کرتے ہوئے اپنے بڑے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے اس کردار سے بے حد متاثر تھے جو انہوں نے اپنے گرامی قدر والد کا خواب پورا کرنے کے لئے اور اپنی جان اللہ تعالیٰ کے حضور قربان کرنے کے لئے ادا کیا تھا۔ اسی لئے وہ اپنے جوش محبت میں اپنے بڑے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد اور ذریت کے لئے مختلف دعائیں کرتے ہوئے یہ بھی دعا مانگ رہے تھے کہ اے اللہ! آئندہ تو نسل انسانی کی مکمل ہدایت کے لئے جس عظیم الشان رسول یعنی ''الرسول'' کو بھیجنے والا ہے۔ اسے میرے بیٹے اسمٰعیل کی ذریت میں پیدا کردے اور اسے فلاں فلاں خوبیاں عطا کر جو فلاں فلاں مقاصد کو پورا کرنے والی ہوں۔ تو اس دعا میں تو صرف نبوت و رسالت کا ذکر ہے اس میں خلافت کا ذکر کہاں سے آ گیا۔ مگر یہ اعتراض صرف ایک مغالطہ ہے جو بات کو گہرائی سے نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ نبی رسول کا کام لمحاتی یا وقتی نہیں ہوتا۔ یہ ایک لمبا کام ہے جو بسا اوقات صدیوں تک پھیل جاتا ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کا زمانہ چودہ سو سال تک پھیل گیا۔ یا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا زمانہ قیامت تک ممتد ہے۔ نبی بہر حال بشر ہوتا ہے جس کی عمر کا پیمانہ محدود ہوتا ہے۔ وہ اپنے کام کی تکمیل کے لئے صدیوں تک زندہ نہیں رہ سکتا۔ اس لئے اس کے چھوڑے ہوئے کام کو اس کے جانشین یعنی خلفاء پورا کرتے ہیں اور ان مقاصد کی پوری طرح تکمیل کرتے ہیں جن کے لئے رسول کو مبعوث کیا گیا ہے اور اس غرض سے خلیفہ کو بھی حسب ضرورت وہ خوبیاں اور طاقتیں عطا کی جاتی ہیں جن سے رسول متصف ہوتا ہے۔ اسی لئے آیت استخلاف کے تحت جو خلافت عطا کی گئی ہے وہ صرف خلافت نہیں بلکہ خلافت علیٰ منہاج النبوۃ ہے۔

تعمیر کعبہ کے دوران حضرت ابراہیم علیہ السلام یہ بھی دعا مانگتے ہیں کہ:۔

''اور اے ہمارے رب! (ہماری یہ بھی التجا ہے کہ) تو انہی میں سے ایک ایسا رسول مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات پڑھ کر سنائے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھائے اور انہیں پاک کرے یقیناً تو ہی غالب (اور) حکمتوں والا ہے۔

اس آیت کریمہ میں آنے والے رسول ﷺ کے اور ان کے توسل سے خلیفہ راشد کے چار اہم ترین مقاصد بیان فرمائے ہیں۔

مرزا خلیل احمد قمر صاحب

بیسویں صدی کا بہت بڑا سائنس دان

آئن سٹائن Albert Einstein

البرٹ آئن سٹائن 14 مارچ 1879ء کو جرمنی کے شہر الم (ULM) کے ایک یہودی صنعت کار ہرمین آئین سٹائن (Herman Einstein) کے گھر پیدا ہوا۔ والدہ کا نام پولین تھا۔ البرٹ اپنے والدین کی پہلی اولاد تھا۔ اس کے بعد لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ 1879ء میں اس کے خاندان نے میونخ میں سکونت اختیار کرلی۔ وہاں اس کے والد ہرمن آئین سٹائن اور چچا جیکب آئن سٹائن نے الیکٹریکل و مکینیکل ورکشاپ کا آغاز کیا جس میں لوگوں کے لئے الیکٹرانک آلات تیار کئے جاتے تھے۔ جب البرٹ دو سال کا ہوا تو اس کی بہن ماجا (Maja) پیدا ہوئی وہ اپنی ننھی بہن سے بہت محبت سے پیش آتا۔

بچپن

جن دنوں آئن سٹائن اپنے والدین کے ساتھ میونخ میں رہائش پذیر تھا ان دنوں بچوں میں فوجی کھیلوں کا رواج تھا لڑکے فوجی پریڈ کرتے دو پارٹیاں بن کر مقابلہ کرتے اور ایک دوسرے کو فتح و شکست دیتے مگر چھوٹے سٹائن کو یہ سب کچھ پسند نہیں تھا بلکہ اسے فوجی کھیلوں سے نفرت تھی۔ وہ جب اپنے ہم عمر لڑکوں کو فوجی طریق پر پریڈ کرتے اور گلیوں میں گزرتے دیکھتا تو چلانے لگتا اور وہ اپنے والد کو کہتا کہ وہ دوسرے لڑکوں کی طرح فوجیوں کی تعریف نہیں کر سکتا بلکہ مجھے تو ان پر رحم آتا ہے۔ یہ فوجی تو ایک مشین کی طرح ہیں انہیں کوئی آزادی حاصل نہیں ہے انہیں اپنے افسر کا حکم ماننا پڑتا ہے خواہ ان کو سمجھ آئے یا نہ آئے۔

جب وہ پانچ سال کا تھا تو اس کے والد نے اس کو ایک قطب نما تحفہ کے طور پر دیا اس قطب نما کو دیکھ کر آئن سٹائن کو بہت حیرانگی ہوئی کہ یہ کس طرح کام کرتا ہے نیز اس کے پیچھے کونسی قوت کارفرما ہے اس نے اس کے بارہ میں سوال کر کر کے اپنے باپ اور چچا جیکب کا ناک میں دم کر دیا۔ اس کے ذہن میں مقناطیسیت اور کشش ثقل کے بارے میں بے شمار سوالات سر اٹھاتے تھے جن کے بارے میں وہ غور وخوض کے لئے رات بھر جاگتا رہتا۔

پانچ سال کی عمر میں وہ پہلی بار حیران ہوا۔ اس کے بعد وہ ساری عمر دنیا کو حیران کرتا رہا۔ اس کی متاع عزیز کا صرف ایک ہی مقصد تھا۔ فطرت کے قوانین کا مطالعہ۔ سٹائن کو مطالعہ میں انہماک اور یکسوئی کی قوت اس بلا کی تھی کہ بچپن میں جب 10-12 سال کا تھا ایک دن جب وہ کئی گھنٹوں تک باتھ روم سے باہر نہ آیا تو اس کی بہن ماجا بہت فکر مند ہوئی اس نے باتھ روم کا دروازہ کھٹکھٹایا کہ البرٹ باہر آؤ۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ سٹائن نے باہر آ کر کہا۔ بہن بہت بہت معذرت آپ کو میرے باہر نہ آنے میں پریشانی لاحق ہوئی۔ میں ایک مسئلہ پر غور وخوض کر رہا تھا۔

آئن سٹائن اپنے کمرے میں بیٹھتا تو خیالات میں گم ہو جاتا تھا۔ ایک مرتبہ ایک خادمہ اس کے کمرے میں صفائی کے لئے آئی تو اس کو کرسی پر ساکت حالت میں دیکھ ہکا بکا رہ گئی۔ سٹائن ہر جگہ ہر وقت اپنے مضمون فزکس پر غور وفکر میں غوطہ زن رہتا۔

ایک دفعہ وہ ایک پل پر کھڑا اپنے دوست کا انتظار کر رہا تھا۔ اس کا دوست لیٹ پہنچا تو اس نے لیٹ آنے پر معذرت کی مگر سٹائن نے کہا معذرت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں میں تو اپنا کام کر رہا تھا میں اپنا کام ہر وقت اور ہر جگہ کر سکتا ہوں خواہ وہ جگہ ایک پل ہو، غسل خانہ ہو یا کھانا کی میز ہو۔

غرضیکہ آئن سٹائن لوگوں میں موجود رہتے ہوئے اپنی ہی دنیا میں مگن رہتا تھا۔ مگر جب وہ اپنے ذہن کو فارغ پاتا تو اس کی رگ ظرافت پھڑک اٹھتی اور چھوٹی چھوٹی باتوں سے محفل کو کشت زعفران بنا دیتا۔

لڑکپن اور تعلیم

میونخ میں تعلیم کے دوران اس کی ملاقات میکس ٹالمی نامی لڑکے سے ہوئی سٹائن نے اس سے طبعیات اور ریاضی کی کتابیں پڑھنے کے لئے عاریتاً حاصل کیں جو اسے بہت پسند آئیں۔ سٹائن نے سمجھ لیا کہ اس کو اپنی منزل مل گئی ہے اس نے جیومیٹری اور ریاضی کی مزید کتب کا لوگوں سے لے لے کر مطالعہ کیا اور اپنی لائبریری میں بیٹھ کر ان مضامین پر اس قدر عبور حاصل کیا کہ اس کا ریاضی کا علم اپنے جرمن سکول کے ٹیچروں سے کہیں آگے نکل گیا۔ لیکن اس کی عملی کامیابی نے اس کے لئے مشکلات پیدا کر دیں وہ سکول میں اساتذہ کی نظروں میں ناپسندیدگی سے دیکھا جانے لگا۔ آخر کار اس کو سکول کے قواعد وضوابط کی پابندی نہ کرنے کی وجہ سے سکول سے نکال دیا گیا۔ زیورچ کی پولی ٹیکنیک اکیڈمی میں داخل کرنے کی کوشش کی مگر وہاں بھی اس کی درخواست رد کر دی گئی کیونکہ وہ داخلے کے ایک امتحان میں ناکام رہا تھا۔ اس کے باوجود لڑکپن سے ہی اپنی دلچسپی کے مضامین میں اس کے ذہن کی تمام بیقراری اور تجسس عود کر آتے تھے۔ 12 سال کی عمر میں اس نے کائنات کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا اور تین سال بعد یعنی پندرہ سال کی عمر میں اس نے تاریخ جغرافیہ اور زبان کے مضامین انتہائی کمزور درجہ سے پاس کئے اور کوئی ڈپلومہ

لئے بغیر سکول کو چھوڑ دیا۔ سٹائن نے اپنے زمانہ کی ممتاز درس گاہوں میں تعلیم حاصل کی اور اس کو اپنے زمانہ کے افضل اور اعلیٰ ترین حساب دان ٹیچر میسر آئے باوجودیکہ ایک ہونہار لائق شاگرد تھا مگر سکول میں کوئی ریکارڈ قائم نہ کر سکا۔

آئن سٹائن نے فزکس کے مروجہ قوانین پر ایک نئی جہت سے تنقید کر کے لوگوں کے سوچنے کے عمل کو بدل دیا اور اس کے اساتذہ اس کے نت نئے نظریات اور سوالات کی بناء پر زیادہ پسند نہ کرتے تھے۔ اس نے اپنی تعلیم سوئیٹزرلینڈ میں مکمل کی جہاں اس نے چار سال خاموشی اور دلجمعی سے زیورچ کی مشہور پولی ٹیکنیک اکیڈمی سے تعلیم حاصل کی۔ موسم بہار 1900ء میں گریجوایشن کرنے کے بعد اس نے سوئٹزرلینڈ کی شہریت حاصل کر لی۔ اس اکیڈمی میں اس نے دو ماہ تک ریاضی کے استاد کی حیثیت سے گزارے۔ پھر رجسٹرڈ آفس میں ایک ایگزامنر کلرک کے طور پر برن میں ملازمت اختیار کر لی۔ مالی طور پر مستحکم ہونے پھر اس نے فلادیہ برک سے 1903ء میں شادی کر لی۔ اس کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے دونوں بیٹوں Hans Albert اور Edwrd سے اس کو والہانہ پیار تھا۔

آئن سٹائن نے 21 سال کی عمر میں کالج سے ڈگری حاصل کی جب اس کے گریجوایشن کے کام میں خلل پیدا ہوا تو اس نے اپنے مطالعہ کی مدد سے اپنے علم کو وسعت دی کہ اس کو Light,Space.Time Motion, Mas Gravity حرکت، مادہ، ثقل، روشنی، خلاء اور وقت پر ناقابل یقین حد تک عبور حاصل تھا۔ بطور خاص خلاء اور وقت کے تصور کو انوکھے رنگ میں متعارف کرایا۔

نومبر 1901ء میں اس نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے مقالہ لکھا کیونکہ یونیورسٹی کی ملازمت کے لئے ڈاکٹریٹ ہونا ضروری تھا۔ مگر کامیابی حاصل نہ کر سکا۔ 1905ء میں دوبارہ ڈاکٹریٹ کی کوشش کی ا ورنا کام رہا۔ پھر تیسری بار کوشش کی تو وہ کامیاب ہوا۔ مگر اس وقت وہ دنیا بھر میں مشہور ہو چکا تھا اب اسے کسی ڈاکٹریٹ کی ضرورت نہ تھی۔ وہ نامور سائنسدان اور بین الاقوامی شخصیت کے طور پر جانا جاتا تھا۔

